The Absolute Reality

www.quran4u.com

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ

تمہارا پروردگار اسکو بھی خوب جانتا ہے جو اسکے راستے سے بھٹک گیا

اور ان کو بھی خوب جانتا ہے جو اس کے راستہ پر چل رہے ہیں

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندهري)

سورة القلم

Urdu Translation اردو ترجمه

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

ن قلم کی اور جو (اہل قلم) لکھتے ہیں اس کی قسم	1.
کہ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) تم اپنے پروردگار کے فضل سے دیوانے نہیں ہو	2.
اور تمہارے لئے بے انتہا اجر ہے۔	3.
اور تمہارے اخلاق بہت (عالی) ہیں	4.
سو عنقریب تم بھی دیکھ لوگے اور یہ (کافر) بھی دیکھ لیں گے۔	5.

کہ تم میں سے کون دیوانہ ہے	.6
تمہارا پروردگار اس کو بھی خوب جانتا ہے جو اسکے راستے سے بھٹک گیا۔ اور ان کو بھی خوب جانتا ہے جو اسکے راستہ پر چل رہے ہیں	.7
تو تم جھٹلانے والوں کا کہا نہ ماننا۔	.8
یہ لوگ چاہتے ہیں کہ تم نرمی اختیار کرو تو یہ بھی نرم ہو جائیں	.9
اور کسی ایسے شخص کے کہے میں نہ آ جانا جو بہت قسمیں کھانے والا ذلیل اوقات ہے۔	.10
طعن آمیز اشارتیں کرنے والا چغلیاں لئے پھرنے والا	.11
مال میں بخل کرنے والا حد سے بڑھا ہوا بدکار	.12
سخت خو اور اسکے علاوہ بدذات ہے	.13
اس سبب سے کہ مال اور بیٹے رکھتا ہے۔	.14
جب اس کو ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے یہ اگلے لوگوں کے افسانے ہیں	.15
ہم عنقریب اس کی ناک پر داغ لگائیں گے	.16
ہم نے ان لوگوں کی اسطرح آزمائش کی جس طرح ہم نے باغ والوں کی آزمائش کی تھی جب انہوں نے قسمیں کھا کھا کر کہا کہ صبح ہوتے ہوتے ہم اس کا میوہ توڑ لیں گے	.17
اور انشاء اللہ نہ کہا	.18
سو وہ ابھی سو ہی رہے تھے کہ تمہارے پروردگار کی طرف سے (راتوں رات) اس پر ایک آفت پھر گئی	.19
تو وہ ایسا ہو گیا جیسے کٹی ہوئی کھیتی	.20
جب صبح ہوئی تو وہ لوگ ایک دوسرے کو پکارنے لگے	.21
کہ اگر تم کو کاٹنا ہے تو اپنی کھیتی پر سویرے ہی جا پہنچو	.22
تو وہ چل پڑے اور آپس میں چپکے چپکے کہتے جاتے تھے	.23

.24	کہ آج یہاں تمہارے پاس کوئی فقیر نہ آنے پائے
.25	اور کوشش کے ساتھ سویرے ہی جا پہنچے (گویا کھیتی پر) قادر (ہیں)
.26	جب باغ کو (ویران) دیکھا تو کہنے لگے کہ ہم راستہ بھول گئے ہیں
.27	نہیں بلکہ ہم (برگشتہ) بے نصیب ہیں
.28	ایک جو ان میں فرزانہ تھا بولا کہ میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ تم تسبیح کیوں نہیں کرتے؟
.29	(تب) وہ کہنے لگے کہ ہمارا پروردگار پاک ہے بیشک ہم ہی قصوروار تھے
.30	پھر لگے ایک دوسرے کو رو در رو ملامت کرنے
.31	کہنے لگے ہائے شامت ہم ہی حد سے بڑھ گئے تھے
.32	امید ہے کہ ہمارا پروردگار اس کے بدلے میں ہمیں اس سے بہتر باغ عنایت کرے ہم اپنے پروردگار کی طرف رجوع لاتے ہیں
.33	(دیکھو) عذاب یوں ہوتا ہے اور آخرت کا عذاب اس سے کہیں بڑھ کر ہے۔ کاش یہ لوگ جانتے ہوتے۔
.34	پرہیز گاروں کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں نعمت کے باغ ہیں
.35	کیا ہم فرمانبرداروں کو نافرمانوں کی طرح (نعمتوں سے محروم) کردیں گے؟
.36	تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ کیسی تجویزیں کرتے ہو؟
.37	کیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں (یہ) پڑھتے ہو۔
.38	کہ جو چیز تم پسند کروگے وہ تم کو ضرور ملے گی؟

یا تم نے ہم سے قسمیں لے رکھی ہیں جو قیامت کے دن تک چلی جائیں گی کہ جس چیز کا تم حکم کرو گے وہ تمہارے لئے حاضر ہو گی	.39
ان سے پوچھو کہ ان میں سے اس کا کون ذمہ لیتا ہے	.40
کیا اس قول میں ان کے اور بھی شریک ہیں؟ اگر یہ سچے ہیں تو اپنے شریکوں کو سامنے لائیں	.41
جس دن پنڈلی سے کپڑا اٹھا دیا جائے گا اور کفار سجدے کے لئے بلائے جائیں گے تو سجدہ نہ کر سکیں گے	.42
ان کی آنکھیں جھکی ہوئی ہوں گی اور ان پر ذلت چھا رہی ہو گی۔ حالانکہ (اس وقت) سجدے کے لئے بلائے جاتے تھے جب کہ وہ صحیح سالم تھے	.43
تو مجھ کو اس کلام کے جھٹلانے والوں کو سمجھ لینے دو ہم ان کو آہستہ آہستہ ایسے طریق سے پکڑیں گے کہ ان کو خبر بھی نہ ہو گی	.44
اور میں ان کو مہلت دیے جاتا ہوں میری تدبیر قوی ہے	.45
کیا تم ان سے کچھ اجر مانگتے ہو کہ ان پر تاوان کا بوجھ پڑ رہا ہے؟	.46
یا ان کے پاس غیب کی خبر ہے کہ (اس سے) لیپٹے جاتے ہیں؟	.47
تو اپنے پروردگار کے حکم کے انتظار میں صبر کئے رہو اور مچھلی (کا لقمہ ہونے) والے (یونس) کی طرح نہ ہونا کہ انہوں نے خدا کو پکارا اور وہ غم وغصے میں بھرے ہوئے تھے	.48
اگر تمہارے پروردگار کی مہربانی ان کی آوری نہ کرتی تو وہ چٹیل میدان میں ڈال دیے جاتے اور انکا حال ابتر ہو جاتا	.49
پھر پروردگار نے ان کو برگزیدہ کر کے نیکوکاروں میں کر دیا	.50

اور کافر جب (یہ) نصیحت (کی کتاب) سنتے ہیں تو یوں لگتے ہیں کہ تم کو اپنی نگاہوں سے پھسلا دیں گے اور کہتے ہیں کہ یہ تو دیوانہ ہے	.51
اور (لوگو) یہ (قرآن) اہل عالم کے لئے نصیحت ہے	.52

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com